14/04/2025

12.30 PM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -

اب آپ عمر مختار سے خبریں سُنئے

بی آر امبیڈ

قوم آج بھارتی آئین کے معمار ِ اعلیٰ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو ان کے 134 ویں یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کررہی ہے۔ اس موقع پر ملک بھر میں کئی تقریبات منعقد ہو رہی ہےں۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھر، وزیر اعظم نریندر مودی، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا، مرکزی وزرائ، ارکان پارلیمنٹ اور دیگر معززین نے آج صبح پارلیمنٹ ہاو

س کمپلیکس میں بابا صاحب کے مجسمہ پر پھول نچھاور کر کے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ئ

خراج

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے یوم پیدائش کے موقع پر ہم وطنوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ بی آر امبیڈ ایک ماہر معاشیات،ماہر تعلیم، مفکر اور ایک عظیم سماجی اصلاح کار تھے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی آنجہانی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے
۔

ایل جی نے کہا ہے کہ بابا صاحب نے بھارتی آئین سازی میں کلیدی رول ادا کیا ہے اور ہر طرح کی معاشی عدم مساوات کا مقابلہ کیا ہے۔

وزیر اعلیٰنے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ڈاکٹر امبیڈکر نے اپنی پوری زندگی معاشرے کے پسماندہ طبقوں کی ترقی کے لئے وقف کی تھی۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی جو کہ ہر یانہ کے دورے پر ہیں نے آج صبح امبیڈکر جینتی کے موقعہ پر ہِسار ہوائی اڈے کی ٹرمنل عمارت کا سنگ بنیاد رکھا ۔ انہوں نے ایودھیا کے لئے پرواز کو ہری جھنڈی بھی دکھائی ۔ اس موقعہ پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمارا ہر دن اور سکیم ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے تئیں وقف ہے ۔

وزیر اعظم نے کہا کہ آنجہانی کا پیغام ہماری گیارہ سالہ حکومت کے پیچھے ایک تحریک دہند رہا ہے ۔ وزیر اعظم یَمنا نگر میں کئی دیگر ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے راج بھون جموں میں سرکاری میڈیکل کالجوں اور طبی اداروں کے سائنسز کے Liver and Biliary سربراہوں کے ساتھ بات چیت کی۔ اس موقع پر انسٹی ٹیوٹ آف کینسر کے رجحان پر قابو پانے کے لئے موثر Liver ڈائریکٹر ڈاکٹر شیو کمار سرین نے بڑھتے حکمت عملی اور صحت مند طرز زندگی کو اپنانے کے بارے میں ایل جی سے تبادلہ خیال کیا ۔

ایل جی نے تمام متعلقین کو صلاح دی کہ وہ ڈاکٹر شیو کمار سرین کے ساتھ مل کر کام کریں تاکہ جگر سے متعلق بیماریوں کی روک تھام کے لئے ایک منصوبہ بند حکمت عملی تیار کی جا سکے۔

سکمز

شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنس کی طرف سے وسط مدتی انڈین انسٹیچوٹ آف سرجیکل کی دو روزہ کانفرنس کامیابی سے اختتام پذیر ہوگئی ۔ کانفرنس کا موضوع Gastroenterology Biliary Tract اور Pancreatic، Liver کینسر منیجمنٹ تھا اور اس میں ملک کے نامور HPB کینسر ماہرین نے شرکت کی ۔

کانفرنس کے حوالے سے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے ڈائریکٹر سکمز پروفیسر محمد اشرف گنائی نے کہا۔

------V/O --------

منوج سنہا

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ ہمارا نظریہ جموں کو نہ صرف سمارٹ ، بلکہ محفوظ ، سر سبز اور مستقبل کے لئے تیارشہر بنانا ہے۔ کل توی ریور فرنٹ جموں میں ” توی آرتی “ اور ’بیساکھی میلہ‘ میں شرکت کرنے کے موقعہ پر اپنے خطاب میں لیفٹیننٹ گورنر نے جموں شہر کی ترقی اور خوبصورتی بڑھانے کے لئے مختلف محکموں کی طرف سے کئے گئے اقدامات کا تفصیلی ذکر کیا ۔

انہوں نے یقین دلایا کہ حکومت ترقیاتی کوششوں کے پیچھے مضبوطی سے کھڑی رہے گی۔ اس موقعہ پر انہوں نے یوٹی میں امن ، خوشحالی اور سب کی فلاح و بہبود کے لئے دعا کی۔

فائر سروسز ہفتہ

کی عزت Fighters جموں کشمیر میں آج سے فائر سروسز ہفتہ منایا جا رہا ہے ۔ یہ ہفتہ فائر افزائی کے لئے وقف کیا گیا ہے اور اس دوران آگ سے بچنے کی تدابیر کے بارے میں جانکاری عام کی جاتی ہے ۔

-“ Unite to Ignite, A Fire Safe India ”اس سال کا موضوع ہے

حادثہ

بانہال میں آج صبح نئے ریلوے پُل کے نزدیک ایک سڑک حادثے میں ایک شخص موقعہ پر ہی جان بحق اور نو دیگر زخمی ہو گئے ہیں۔ ہمارے کولگام نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک ٹاٹا موبائل پلٹ کر پُل کی دیوارسے ٹکرا گئی ۔ سبھی زخمیوں کو گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ منتقل کیا گیاہے ۔

ٹولپ

سرینگرمیں قائم باغ گُلِ لالہ مینان دنوں سیلانیونکی جوق در جوق آمد کا سلسلہ جاری ہے ۔ کل دن بھر 70 ہزار چار سو سے زیادہ سیلانیوننے ایشیا کے اس سب سے بڑے ٹولپ گارڈن کی سیرکی ۔

اس طرح اس سال باغ کے کھولے جانے سے کل شام تک مجموعی طور پر 6 لاکھ23 ہزار سے زیادہ سیاح ٹولپ گارڈن کا نظارہ کر چکے ہےں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ